X 5/3/2012

**Series BRH**

Code No. **5B**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## SUMMATIVE ASSESSMENT - II

# اُردو (کورس۔ B)

# URDU (Course B)

وقت: 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر: 80
*Maximum Marks : 80*

(حصّہ ۔ الف)

1. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 4

"1910 کے آخر میں ربندر ناتھ ٹیگور نے گیتانجلی کو مکمل کیا اور اسی سال درگا پوجا سے پہلے یعنی اکتوبر سے پہلے شائع کیا۔ گیتانجلی وہ مشہور تصنیف ہے جس پر شاعر کو ادبی دنیا کا سب سے بڑا انعام یعنی نوبل انعام ملا۔ یہ انعام انگریزی "گیتانجلی" پر دیا گیا۔ انگریزی گیتانجلی بنگلہ کا ہو بہو ترجمہ نہیں ہے۔ بنگلہ گیتانجلی میں 157 گیت ہیں اور انگریزی میں صرف 103۔

گیتانجلی کو کسی بھی لحاظ سے ربندر ناتھ کی بہترین تخلیق نہیں کہا جا سکتا۔ گیتانجلی سے قبل کی منظوم تخلیقات میں 'مانسی (1890)'، سونار تری (1893) اور ودیا (1901) اہم

مجموعے ہیں۔ وہ انگلستان اور فرانس کا سفر بھی کر چکے تھے۔ بنگال کی دیہی زندگی کو بھی انھوں نے قریب سے دیکھا تھا۔"

(i) رابندر ناتھ ٹیگور نے گیتانجلی کو کب مکمل کیا ؟

(A) 1893 کے آخر میں

(B) 1910 کے آخر میں

(C) 1890 کے آخر میں

(D) 1901 کے آخر میں

(ii) رابندر ناتھ ٹیگور کن ملکوں کا سفر کر چکے تھے ؟

(A) انگلستان اور فرانس

(B) امریکہ اور روس

(C) پاکستان اور سری لنکا

(D) چین اور جاپان

(iii) گیتانجلی سے پہلے ٹیگور نے 1890 میں کون سی کتاب لکھی ؟

(A) سونار تری

(B) ویدیا

(C) مانسی

(D) کابلی والا

(iv) رابندر ناتھ ٹیگور کو کونسا انعام، ان کی کس کتاب پر ملا ؟

(A) نوبل انعام - گیتانجلی پر

(B) ساہتیہ اکادمی انعام - کابلی والا پر

(C) سرسوتی سمان - مانسی پر

(D) سنگیت سمراٹ - ویدیا پر

2. درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 4

تم آئے ہو، نہ شبِ انتظار گزری ہے
تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے
وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا
وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے
نہ گل کھلے ہیں، نہ ان سے ملے، نہ مے پی ہے
عجیب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے
چمن میں غارتِ گل چیں سے جانے کیا گزری
قفس میں آج صبا بے قرار گزری ہے

(i) قفس میں آج کیا بے قرار گزری ہے؟
(A) نور
(B) روشنی
(C) صبا
(D) شرارے

(ii) کونسی بات ان کو ناگوار گزری ہے؟
(A) وہ بات جس کا سارے فسانے میں ذکر نہ تھا۔
(B) اس نے اسے زور سے کہہ دیا تھا۔
(C) اس بات میں وزن نہیں تھا۔
(D) وہ فضول کی بات تھی۔

(iii) 'نہ ان سے ملے' سے کیا مراد ہے؟
(A) اپنے والدین سے نہیں ملا۔
(B) اپنے معشوق سے نہ ملا۔
(C) نہ اپنے دوست سے ملے۔
(D) کوئی نہیں ملا۔

(iv) شعر مکمل کیجئے۔ وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے

(A) تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے

(B) نہ گل کھلے ہیں، نہ ان سے ملے، نہ مے پی ہے

(C) چمن میں غارتِ گل چیں سے جانے کیا گزری

(D) وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا

3. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 8

(i) دیوالی

(ii) تعلیم کی ضرورت اور اسکی اہمیت

(iii) فٹ بال میچ

4. اپنے دوست کو خط لکھ کر یہ بتائیے کہ آپ زندگی میں کیا بننا چاہتے ہیں۔ 8

-یا-

اپنے اسکول کے پرنسپل کو درخواست لکھ کر بتائیے کہ آپ ایک ہفتہ تک اسکول نہیں آئیں گے۔ اسکی وجہ بھی بتائیے۔

5. درج ذیل میں سے کسی چار الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 4

سفید ، روشنی ، بلندی ، جنگ ، صحرا

6. درج ذیل میں سے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے 4

اخبار ، عالم ، الفاظ ، استاد

4 .7 درج ذیل محاوروں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

(i) بات کا تبنگڑ بنانا
(ii) جھولی میں ڈالنا
(iii) دانت کھٹے کرنا
(iv) چھاتی پر سانپ لوٹنا
(v) شرم رکھنا
(vi) دھونس جمانا

4 .8 درج ذیل میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ لکھیے۔

بادشاہ ، گھوڑا ، کرسی ، روشنی
عالم ، بیٹی ، لڑکا ، بیوی

4 .9 مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھیے۔

(i) آج زیادہ تر بچے اچھا کھیل رہے ہیں۔
(ii) احمد نے خط لکھا
(iii) ماسٹر صاحب کل آ رہے تھے
(iv) لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔

4 .10 'عقل مند' میں 'مند' سابقہ اور 'خبردار' میں 'دار' لاحقہ ہے۔ آپ بھی 'مند' اور 'دار' لگا کر دو دو لفظ لکھیے۔

## (حصّہ ۔ ب)

8 .11 درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔

" ایک بار آو نتی کسی دوست کی بارات میں گیا۔ بارات والوں کو بہت اچھا کھانا کھلایا

گیا۔ اَونتی نے بھی خوب ڈٹ کر کھانا کھایا۔ کھانا کھاتے وقت اس نے دیکھا کہ ایک مہمان مٹھائیاں صرف کھا ہی نہیں رہا ہے بلکہ جیب میں بھی بھرتا جارہا ہے۔ اَونتی بھلا ایسے موقع پر کب چوکنے والا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور چائے کی کیتلی اٹھاکر اس مہمان کی جیب میں انڈیلنے لگا تو وہ ناراض ہوکر بولے "یہ کیا بدتمیزی ہے؟"۔ چائے انڈیلتے انڈیلتے اَونتی نے بھولے پن سے جواب دیا۔ "بھائی میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں۔ آپ کی جیب نے بہت ساری مٹھائیاں کھائی ہیں اس لئے اسے پیاس بھی ضرور لگی ہوگی۔ میں اسے چائے پلا رہا ہوں۔"

(i) درج بالا عبارت کے سبق کا نام کیا ہے؟

(A) ہوشیار آدمی

(B) عقل بڑی کہ . . .

(C) اَونتی

(D) چالاکی

(ii) مہمان مٹھائیاں کھانے کے ساتھ ساتھ کیا کر رہا تھا؟

(A) جھولے میں بھر رہا تھا

(B) جیب میں بھرتا جارہا تھا

(C) پھینک رہا تھا

(D) برابر والے کو کھلا رہا تھا

(iii) "یہ کیا بدتمیزی ہے؟" کس نے کہا؟

(A) اَونتی نے کہا

(B) میزبان نے کہا

(C) مہمان نے کہا

(D) دیکھنے والے نے کہا

(۱۷) 'بارات' کس موقع پر جاتی ہے ؟
(A) شادی کے موقع پر
(B) کسی کی موت پر
(C) کسی کی پیدائش پر
(D) کسی تہوار پر

## - یا -

" رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے 'میر آخور' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ سلطان کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروا دی۔ جب وہ بغاوت کچلنے کے لئے پنجاب میں بھٹنڈا پہنچی تو اس کے سپاہی طویل سفر اور گرمی سے پریشان ہو چکے تھے۔ اگرچہ دونوں فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا مگر رضیہ کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ وہ قید کر لی گئی۔ ادھر دلی میں سازشیوں نے رضیہ کے بھائی بہرام کو تخت پر بٹھا دیا اور بڑے بڑے عہدے آپس میں بانٹ لئے۔ بہرام کمزور بادشاہ ثابت ہوا۔ التونیہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور اپنی وفاداری کا یقین دلایا، پھر دونوں کی شادی ہو گئی۔ "

(۱) رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کتنے امیروں میں بانٹا تھا ؟
(A) چالیس
(B) چوبیس
(C) چوالیس
(D) اُنتیس

(ii) بھٹنڈا کہاں ہے ؟
(A) مہاراشٹرا میں
(B) گجرات میں
(C) پنجاب میں
(D) ہریانہ میں

(iii) رضیہ کی شادی کس سے ہوئی ؟
(A) بھٹنڈا کے راجا سے
(B) یاقوت سے
(C) التونیہ سے
(D) ترک سردار سے

(iv) رضیہ سلطان کے بھائی کا نام کیا تھا ؟
(A) یاقوت
(B) التونیہ
(C) میر آخور
(D) بہرام

12. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب دیجئے۔ 4
(i) بھیم راؤ کے نام میں امبیڈکر کیوں شامل ہوا ؟
(ii) زمین پر مختلف جانداروں کی نشو و نما کیسے ہوئی ؟
(iii) انٹرنیٹ سے طلبا کو کیا فائدے ہیں ؟
(iv) التمش کی وصیت کیا تھی ؟

13. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 4
(i) نئی روشنی
(ii) کارتوس
(iii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

14. درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 8

کہا یہ سن کے گلہری نے منھ سنبھال ذرا
یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا
جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا
ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے
بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اس نے

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا کیا نام ہے؟
(A) غزل از مرزا غالب
(B) پہاڑ اور گلہری از اقبال
(C) اے شریف انسانو از ساحر لدھیانوی
(D) رباعیات از میر انیس

(ii) اس بند میں بات چیت کس کے درمیان ہے؟
(A) زمین اور آسمان
(B) مٹی اور پانی
(C) پہاڑ اور گلہری
(D) انسان اور جانور

(iii) گلہری نے پہاڑ کو کون سی باتیں دل سے نکال دینے کو کہا۔
(A) کچی باتیں
(B) اچھی باتیں
(C) وہم
(D) دوسروں کا برا چاہنا

(۱۷) شعر مکمل کیجیے۔ ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے

(A) یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا

(B) مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اس نے

(C) بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اس نے

(D) کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

— یا —

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں

کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے

فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ

زندگی میتوں پہ روتی ہے

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے

جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی

آگ اور خون آج بخشے گی

بھوک اور احتیاج کل دے گی

(i) اس بند کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(A) بشر نواز

(B) ساحر لدھیانوی

(C) علامہ اقبال

(D) نظیر اکبر آبادی

(ii) ٹینک کے آگے بڑھنے سے کیا ہوتا ہے ؟

(A) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے

(B) اپنی طاقت کا اندازہ ہوتا ہے

(C) مسافت طے ہوتی ہے

(D) گولی چلتی ہے

(iii) یہاں احتیاج کا مطلب ہے
(A) روٹی
(B) پیاس
(C) مسئلہ
(D) ضرورت

(iv) یہاں جنگ کیا ہے ؟
(A) ایک دھوکہ ہے
(B) اپنی طاقت کا اظہار ہے
(C) ایک مسئلہ ہے
(D) دوسروں کو نیچا دکھانے کا طریقہ ہے

15. درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے ۔ 4
(i) نظم 'اے شریف انسانو!' میں شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے ؟
(ii) نظم 'قدم بڑھاؤ دوستو' کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے ؟
(iii) اس شعر کا مفہوم بیان کیجیے :

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(iv) شیخ محمد ابراہیم ذوق کی غزل میں دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں ؟

16. درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے ۔ 4
(i) قدم بڑھاؤ دوستو !
(ii) اے شریف انسانو !